پتہ کی جلد

NATIONAL MUSLIM UNIVERSITY
کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ
دہلی
DELHI

روح اخبار

امسال کا فریضۂ حج حسب دستور نہایت شان و کامیابی سے ادا ہو گیا حاجیوں کی تعداد سالہائے گذشتہ کی نسبت سے بہت زیادہ تھی اب حاجیوں کی سہولت کیلئے نئی سڑکوں کی تعمیر، پانی کی معقول فراہمی، پولیس، حفظان صحت اور قیام وطعام کے انتظامات نہایت احسن طریقہ پر انجام دئیے گئے ہیں۔ جا بجا لاسلکی اسٹیشن قائم ہیں۔

حجاز میں ایک عربی جمعیت طیران قائم ہوئی ہے۔ جس کا مقصد ہے کہ نوجوان عربوں میں ہوابازی کا شوق پیدا ہو۔ حکومت حجاز کی تعمیر اور حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے فن ہوابازی کی ترقی ہو۔ جنگی ہوائی جہازوں کے سامان کئے جائیں ماہر انجنیر تیار ہوں جنسے بیرون سے بے نیازی ہو جائے۔ اسی سلسلہ میں جمعیت سرمایہ کی فراہمی کی کوشش کریگی۔

ترکی پارلیمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ حرمین شریفین کے تحفظ اور استحکام کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے اور آزاد ممالک سے مشورہ لیکر مقامات مقدسہ کی تقویت کی تجاویز کو عملی صورت دی جائے۔

حکومتِ حجاز کے قنصل مقیم لندن نے ایک نہایت اہم خبر شائع کی ہے کہ ۱۵ مارچ ۹ ذی الحجہ کو حرم مکہ میں بحالت طواف سلطان عبد العزیز ابن سعود اور ان کے ولیعہد امیر سعود پر چند غنڈوں نے حملہ کر دیا۔ سلطان اور ولیعہد بال بال بچ گئے۔ باڈی گارڈ (محافظ) سپاہیوں نے فوراً دو حملہ آوروں کو عین حملہ کرتے وقت گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ حملہ آور یمن کے چند بزدل زیدی تھے۔ تفصیلات کا انتظار ہے۔ اسی قدر خبر آنے پر تمام ملک میں مبارکبادی کے جلسے ہو رہے ہیں اور سلطان کو تہنیت کے تار بھیجے جا رہے ہیں۔ ہمارے دار الحدیث میں جو فوراً خبر آتے ہی جلسہ ہوا ہے اسکی مختصر کارروائی درج ذیل ہے۔ دوسرے اخبارات میں مفصل شائع ہو چکی ہے۔

(مدیر)

جلسۂ تہنیت

دار الحدیث رحمانیہ دہلی میں سلطان ابن سعود پر حملہ کے متعلق ۱۲ ذی الحجہ (۱۹ مارچ) کو بوقت شب ایک شاندار فوری جلسہ منعقد ہوا جس میں مولانا عبد اللہ ندوی مدرس اور مولانا عبد الحلیم ناظم ایڈیٹر محدث کی پر زور تقریریں ہوئیں اور ذیل کی تجویز بالاتفاق پاس ہوئی "حضرت الامام سلطان ابن سعود اور ان کے امیر سعود پر جو حج کے موقعہ پر بحالت طواف قاتلانہ حملہ کیا گیا ہے یہ جلسہ اس باغیانہ حملہ کی زبردست مذمت کرتا ہے اور باغی حملہ آوروں کو بنظر نفرت وحقارت دیکھتا ہے۔ نیز اس مہلک حملہ میں خادم اسلام سلطان موصوف اور ولیعہد مذکور کے بالکل محفوظ رہنے پر خدائے ناصر و قادر کا شکریہ ادا کرتا ہے اور محترم سلطان کی خدمت میں نہایت مسرت وخلوص سے ہدیۂ مبارکباد و ارمغان تہنیت پیش کرتا ہے"

(سید نظیر الحسن سکرٹری جمعیۃ الخطابہ)

جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب پروپرائٹر پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا